دل کی لگن اور تحقیق و تلاش سے مرتب کی گئی ہے، ارباب ذوق اور خصوصاً علما اور تاریخ کے اساتذہ و طلبا کو اس کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیئے۔

حیات الانور۔ مرتبہ ابن الانور سید محمد ازہر شاہ صاحب قیصر، تقطیع متوسط ضخامت ۵۲۲ صفحات، کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد -/18، پتہ: نسیم اختر، شاہ منزل محلہ خانقاہ دیوبند ضلع سہارنپور۔

اس کتاب کا پہلا اڈیشن ۱۹۵۵ء میں شائع ہوا تھا یہ اس کا دوسرا اڈیشن ہے جو مقابلتہً کافی ضخیم اور دو جلدوں میں تقسیم ہے۔ الانور کے حصۂ مقالات میں متعدد مقالات ایسے ہیں جو حیات الانور کے پہلے اڈیشن سے باجازت مرتب ماخوذ ہیں، اس دوسرے اڈیشن کی جلد دوم البتہ نئے مضامین پر مشتمل ہے۔ اس بنا پر اصل کتاب کی ضخامت تو دوچند ہوگئی اور اس میں بعض اہم اور مفید مضامین کا اضافہ بھی ہوگیا۔ لیکن افسوس ہے کہ کتاب بہت غلط چھپی ہے کتابت و طباعت کی غلطیاں صفحہ صفحہ میں پھیلی ہوئی ہیں۔ جن کی وجہ سے افراد و اشخاص اور کتابوں کے نام بدل گئے اور کچھ سے کچھ ہوگئے ہیں، تاہم مضامین و مقالات لائق مطالعہ ہیں، حضرت شاہ صاحب کے کمالات اور تبحر علمی کا احاطہ تو کون کر سکتا ہے، اس کتاب سے آپ کے علمی کمالات، اخلاق و صفات اور عادات و خصائل کا بڑی حد تک اندازہ ہوجاتا ہے، اور یہی اس کتاب کی قدر و قیمت ہے۔ اڈیٹر برہان کے مقالات مذکورہ بالا دونوں کتابوں میں شریک اشاعت ہیں۔

سائنس اور اجتہاد:۔ از ڈاکٹر احسان اللہ خاں۔ تقطیع متوسط ضخامت ۱۷۱ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت مجلد -/25۔ پتہ: علمی مجلس۔ دہلی۔

اس کتاب کا موضوع یہ ہے کہ اسلام میں خیر و شر کی بنیاد منفعت اور مضرت پر ہے دوسرے لفظوں میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ نافع اور مضر ہونے کے اعتبار سے ہر شئے کی ایک قدر ہوتی ہے اور اور اسی قدر کی بنیاد پر کوئی چیز خیر یا شر کہلاتی ہے اسلام